ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

میر پور خاص رینج میں ویڈیو لنک کھلی کچہری کا انعقاد۔

آئی جی سندھ کی پولیس افسران کو عوامی مسائل و مشکلات کے بروقت حل کی ہدایات۔

کراچی 07 نومبر 2020ء:۔

آئی جی سندھ کی زیر صدارت سینٹرل پولیس آفس سے ویڈیو لنک کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ آئی جی سندھ نے کہا کہ میر پور خاص کی اس کھلی کچہری میں بذاتِ خود آ کر شرکت کرنا چاہتا تھا تاہم (Covid-19) کی حالیہ لہر کے باعث ایسا ہو نہ سکا۔ اجلاس میں پولیس رینج میر پور خاص کے ڈی آئی جی اور ضلعی پولیس افسران سمیت تینوں اضلاع کے معززین/شہریوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

کھلی کچہری کے موقع پر پولیس رینج میر پور خاص کے اضلاع مٹھی/تھر پارکر، عمر کوٹ کے ضلعی افسران اور بعد ازاں میر پور خاص کے ضلعی پولیس آفیسر نے مرحلہ وار متعلقہ اضلاع کی سطح پر مختلف نوعیت کے جرائم، گٹکا، ماوا، منشیات سمیت جوئے، سٹے اور سماجی برائیوں کے دیگر اڈوں کے خلاف پولیس کی انسدادی حکمت عملی اور لائحہ عمل پر تفصیلی بریفنگ دی جبکہ کھلی کچہری میں موجود مذکورہ تینوں اضلاع کے مختلف تھانہ جات کی حدود میں آباد علاقہ معززین/شہریوں نے بھی مختلف نوعیت کی شکایات کا بالترتیب احاطہ کیا۔

آئی جی سندھ نے انسداد جرائم کے حوالے سے ڈی آئی جی میر پور خاص اور ضلعی افسران کو مذید ضروری ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو درپیش مسائل اور مشکلات کے حوالے سے موصول ہونیوالی تمام شکایات کا ازالہ فوری ترجیحی بنیادوں پر کیا جائے جبکہ صوبے کے مختلف اداروں کے حوالے سے بھی کی جانیوالی شکایات متعلقہ محکموں کو ارسال کرنے جیسے امور یقینی بنائے جائیں علاوہ ازیں مذید ضروری تحریری شکایات سینٹرل پولیس آفس کراچی کو برائے ملاحظہ و ازالہ ارسال کی جائیں۔

کھلی کچہری کے موقع پر میر پور خاص پولیس رینج کی سطح پر مختلف نوعیت کی 53 شکایات برائے حل/ازالہ موصول ہوئیں۔

ویڈیو لنک کھلی کچہری کے موقع پر سی پی او سے ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز سندھ، ڈی آئی جی اسٹیبلشمنٹ سندھ، اے آئی جیز آپریشنز سندھ و ایڈمن کے علاوہ دیگر سینئر افسران نے بھی شرکت کی۔

-/-/-/-/-/-/-/-/-/-/-